# سیکنڈری سکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم 2022/2024
# (ستمبر 2024 میں سیکنڈری 1 میں داخلے کے لیے)
# اکثر پُوچھے گئے سوالات

## سنٹرل ایلوکیشن کا طریقہ کار

**(1) سوال سنٹرل ایلوکیشن (CA) کے معیارات کیا ہیں؟**

جواب CA ایک طالب علم کے ایلوکیشن بینڈ، سکولوں کے حوالے سے والدین کی چوائس اور بے ترتیب نمبر پر مبنی ہے۔ CA کے تفویضی طریقہ کار کے لیے، والدین اوائل اپریل 2024 میں ایجوکیشن بیورو (EDB) کی طرف سے تقسیم کردہ "سنٹرل ایلوکیشن کے طریقہ کار کے حوالے سے والدین کے لیے نوٹس" سے رجوع کر سکتے ہیں۔

**(2) سوال CA کے تحت سکول کی جگہیں کیسے تفویض کی جاتی ہیں؟**

جواب ریپیٹر اور ڈسکریشنری پلیسز (DP) کے منہا کیے جانے کے بعد، سیکنڈری سکول کی باقی جگہیں CA کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ CA کی جگہوں میں سے، تقریباً 10٪ غیر محدود سکولوں کی چوائس کے لیے ہیں اور والدین کسی بھی اضلاع سے تین سے زیادہ سکولوں کا انتخاب نہیں کر سکتے ہیں (بشمول ان کے بچوں کے نیٹ ورک کے سکول)، جب کہ بقیہ تقریباً 90٪ CA کی جگہیں محدود سکولوں کے لیے ہیں۔ والدین اپنے بچوں کے سکول نیٹ میں زیادہ سے زیادہ 30 سکولوں کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ سکول کی جگہوں کی تفویض کے عمل میں، تمام طلبہ کے حصہ A میں "غیر محدود سکول کی چوائسز" پر پہلے کارروائی کی جائے گی، اس کے بعد حصہ B میں ان کے "محدود سکول کی چوائسز" پر عمل کیا جائے گا۔

**(3) سوال CA کے لیے تفویضی طریقہ کار کیا ہے؟**

جواب حصہ A میں "غیر محدود سکول کی چوائسز" پر پہلے کارروائی کی جاتی ہے۔ حصہ A میں تمام طلبہ کے سکول کی چوائسز پر کارروائی کے بعد ہی، کمپیوٹر حصہ B میں "محدود سکول کی چوائسز" پر کارروائی کرنا شروع کرے گا۔

حصہ A میں "غیر محدود سکول کی چوائسز" پر کارروائی کرتے وقت، کمپیوٹر سب سے پہلے ٹیریٹری بینڈ 1 میں طلبہ کو سکول کی جگہیں ان کے سکول کی چوائسز کی ترجیح کے مطابق تفویض کرے گا۔ ان تمام طلبہ کے سکول کی چوائسز کی جانچ کے بعد، کمپیوٹر ٹیریٹری بینڈ 2 اور آخر میں ٹیریٹری بینڈ 3 کے طلبہ کے سکول کی چوائسز پر کارروائی کرنے کے لیے اسی طریقہ کار پر عمل کرے گا۔ حصہ A میں جگہ حاصل کرنے میں کامیاب طلبہ کو حصہ B میں کوئی جگہ تفویض نہیں ہو گی۔ اگر کسی طالب علم کو حصہ A میں سکول کی جگہ تفویض نہیں کی جاتی ہے جب کہ اس لڑکا/لڑکی کے سکول کی تمام چوائسز ختم ہو چکی ہوں تو، اس لڑکا/لڑکی کو حصہ B میں ایک جگہ تفویض کی جائے گی۔

حصہ B میں "محدود سکولوں کی چوائسز" پر کارروائی کرتے وقت، کمپیوٹر سب سے پہلے نیٹ بینڈ 1 میں طلبہ کو سکول کی جگہیں ان کے سکول کی چوائسز کی ترجیح کے مطابق تفویض کرے گا۔ اگر نیٹ بینڈ 1 میں کسی طالب علم کو سکول کی جگہ مختص نہیں کی جا سکتی ہے یہاں تک کہ اس لڑکا/لڑکی کے سکول کی تمام چوائسز ختم ہو جائیں تو، کمپیوٹر اس لڑکا/لڑکی کو سکول کے نیٹ میں بقیہ جگہوں سے کوئی جگہ تفویض کرے گا۔[1] تا وقتیکہ نیٹ بینڈ 1 کے تمام طلبہ کو سکول کی جگہیں تفویض کر دی جائیں، کمپیوٹر نیٹ بینڈ 2 اور آخر میں نیٹ بینڈ 3 میں طلبہ کی چوائسز پر کارروائی کرنے کے لیے اسی طریقہ کار پر عمل کرے گا۔

[1] براہ راست سبسڈی اسکیم کے سکولوں اور ان سکولوں کو چھوڑ کر جو اس تبصرہ کے ساتھ ہوں "طلباء کو اس سکول کے لیے تفویض نہ کیا جائے گا جب تک کہ وہ اسے اپنی چوائسز میں شامل نہ کریں"۔

اگر والدین نے ایک سیکنڈری سکول کا انتخاب کیا ہے جو آخر کار اس تفویضی دور میں سیکنڈری سکول پلیسز ایلوکیشن (SSPA) کے تحت سیکنڈری 1 (S1) جگہوں کی پیشکش نہیں کرتا ہے تو، اس سکول چوائس پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔[2]

**(4) سوال بے ترتیب نمبر کس کے لیے استعمال ہوتا ہے؟**

جواب سنٹرل ایلوکیشن پروگرام چلانے سے قبل کمپیوٹر کے ذریعے بے ترتیب نمبر تیار کیا جاتا ہے۔ اس کا استعمال ایک ہی ایلوکیشن بینڈ کے اندر طلبہ کی تفویض کی ترتیب کا تعین کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ اگر کسی مخصوص سیکنڈری سکول کی سکول کی جگہوں کی طلب سپلائی سے زیادہ ہوتی ہے تو، اسی ایلوکیشن بینڈ کے اندر ایک قدرے چھوٹا بے ترتیب نمبر رکھنے والے طالب علم کو پہلے جگہ تفویض کی جائے گی۔ بے ترتیب نمبر کے "طالب علم کا حوالہ نمبر" یا طالب علم کے ذاتی ڈیٹا سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ تفویض کرنے کے عمل کے دوران، ہر طالب علم کو صرف ایک بے ترتیب نمبر تفویض کیا جائے گا۔ بے ترتیب نمبر تفویضی طریقہ کار مکمل ہونے کے بعد برقرار نہیں رکھا جائے گا۔

[2] تفویضی طریقہ کار کے دوران، کمپیوٹر متعلقہ سکول چوائس(ز) کو ختم کر دے گا اور سیکنڈری ون چوائس آف سکولز فارم (چوائس فارم) پر اگلی سکول چوائسز کی طرف بڑھ جائے گا (اگر کوئی ہوں)۔

**(5) سوال والدین CA کے لیے چوائس پر مبنی دستاویزات کب حاصل کریں گے اور سیکنڈری ون چوائس آف سکولز فارم (چوائس فارم) جمع کرانے کی آخری تاریخ کب ہے؟**

جواب موجودہ دور کے شریک پرائمری 6 (P6) طلبہ کے والدین اپنے بچوں کے حاضری والے پرائمری سکولوں کے ذریعے چوائس فارم اور متعلقہ چوائس پر مبنی دستاویزات اوائل اپریل 2024 میں حاصل کریں گے۔ والدین کو مئی 2024 کے اوائل تک اپنے بچوں کے حاضری والے پرائمری سکولوں کے ذریعے مکمل شدہ چوائس فارم EDB کو واپس کرنا چاہیے۔ جو والدین SSPA ای-پلیٹ فارم صارفین کے طور پر رجسٹر شدہ ہوں اور ان کا اکاؤنٹ "iAM Smart +"[3] کے ساتھ وابستہ ہو تو، وہ پیپر چوائس فارم سے ہٹ کر، وہ وہ بذریعہ SSPA ای-پلیٹ فارم CA کی درخواست حاضری والے پرائمری سکول میں جمع کروا سکتے ہیں۔ والدین کو ایک ہی بچے کے لیے **SSPA**-پلیٹ فارم کے ذریعے اور کاغذی صورت میں ڈپلیکیٹ درخواستیں جمع نہیں کروانی چاہئیں۔ SSPA ای پلیٹ فارم اکاؤنٹ بنانے اور لاگ ان کرنے کے طریقہ کار کے لیے، براہ مہربانی EDB کے ہوم پیج (www.edb.gov.hk) پر اپ لوڈ کردہ متعلقہ ویڈیوز اور والدین کی رہنمائی سے رجوع کریں (منتخب کریں: Home > Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System > Digitalisation of S1 Admission)۔

**(6) سوال چوائس فارم پُر کرتے وقت والدین کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟**

جواب والدین کو سکول کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا چاہیے، مثلاً اس کا تعلیمی فلسفہ، ثقافت، مذہب، طبقاتی ڈھانچہ، نشوونما اور طریقہ عمل، اور اپنے بچوں کی خصوصیات، شخصیات، صلاحیتوں اور دلچسپیوں پر غور کرنا چاہیے تاکہ موزوں سکول کا انتخاب کیا جا سکے۔

چوائس فارم کو حصہ A اور حصہ B میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ A کے "غیر محدود سکول کی چوائسز" کے لیے، والدین زیادہ سے زیادہ کسی بھی سکول نیٹ سے تین سیکنڈری سکولوں کا انتخاب کر سکتے ہیں بشمول ان سکولوں کے جو کہ ان کے بچوں کے اپنے سکول نیٹ میں شامل ہیں۔ جہاں تک حصہ B کے "محدود سکولوں کی چوائسز" کا تعلق ہے تو، والدین کو چاہیے کہ وہ اپنی ترجیح کے مطابق اس سکول نیٹ سے سکولوں کو پُر کریں جس سے ان کے بچے تعلق رکھتے ہیں اور جہاں تک ممکن ہو 30 چوائسز تک پُر کریں۔ اگر انہوں نے حصہ A میں جن سیکنڈری سکولوں کی نشاندہی کی ہے وہ بھی ان کے بچوں کے سکول نیٹ میں موجود ہیں تو، وہ ان سکولوں کو حصہ B میں شامل کر سکتے ہیں۔ تاہم، والدین کو ایک ہی حصے میں ایک ہی سکول کا بار بار انتخاب نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس سے ان کے بچوں کے لیے سکول میں تفویض کے موقع کی تعداد میں اضافہ نہیں ہو گا۔

والدین، چوائس فارم کا حصہ A پُر کرتے وقت، سکول کوڈ کی احتیاط سے جانچ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ "غیر محدود سکول کی چوائسز کے لیے ہینڈ بک" میں طبع شدہ سے میل کھاتا ہو۔ چونکہ حصہ A میں سکول کی چوائسز کو سکول نیٹ کے ذریعہ محدود نہیں کیا جاتا ہے، یہاں تک کہ اگر والدین غلطی سے سکول کا غلط کوڈ (یعنی اپنے پسندیدہ سکول کے بجائے کسی دوسرے سکول کا سکول کوڈ) داخل کر دیں تو، کمپیوٹر پھر بھی سکول کی چوائسز پر اسی کے مطابق کارروائی کرے گا، جس کے نتیجے میں ممکنہ طور پر ان کے بچے کو اسی سکول میں تفویض کیا جائے گا۔ والدین کو چوائس فارم کا حصہ B پُر کرتے وقت سکول نیٹ کی "سیکنڈری سکول لسٹ" میں طبع شدہ سکول کوڈز سے رجوع کرنا چاہیے جس سے طالب علم کا تعلق ہے۔ والدین کو سکول کوڈز کو احتیاط سے پُر کرنا چاہیے کہ غلط اندراجات پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، اگر والدین نے ایسے سیکنڈری سکول کا انتخاب کیا ہے جو کہ اس تفویضی دور میں SSPA نظام کے تحت S1 جگہوں کی پیشکش نہیں کرے گا تو، اس سکول چوائس پر کارروائی نہ کی جائے گی۔

تفویض کرنے کے طریقہ کار کے دوران، کمپیوٹر پہلے حصہ A میں سکول کی چوائسز پر کارروائی

---


[3] "iAM Smart+" میں رجسٹریشن کی تفصیلات کے لیے، براہ مہربانی "iAM Smart" ہوم پیج (https://www.iamsmart.gov.hk) پر جائیں (منتخب کریں: Home > "iAM Smart" Registration > Registration Methods)۔

کرے گا، اور پھر حصہ B میں سکول کی چوائسز پر۔ اس لیے، حصہ A میں سکول کی جگہ حاصل کرنے میں کامیاب ہونے والے طالب علم کو حصہ B میں جگہ تفویض نہیں کی جاتی ہے۔ اس لیے والدین کو چاہیے کہ وہ ایسے سکول (سکولوں) کو پُر کریں جنہیں وہ حصہ A میں سب سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔ چونکہ حصہ B میں سکول کی جگہیں زیادہ ہیں اور زیادہ تر طلبہ کو اس میں سکول کی جگہ تفویض کی جائے گی، والدین کو حتی المقدور "سیکنڈری سکول لسٹ" میں فراہم کردہ سکول کی چوائسز میں سے زیادہ سے زیادہ سکولوں کو پُر کرنے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ ان کے بچوں کو ان کی ترجیح کے مطابق سکول کی جگہ تفویض کیے جانے کے امکانات بڑھ جائیں۔

(7) **سوال** **کیا تمام شرکت کرنے والے طلبہ کے والدین کے لیے CA مرحلے میں چوائس فارم کو مکمل کرنا ضروری ہے؟**

جواب طالب علموں نے شریک سیکنڈری سکول (بشمول جوکی کلب Ti-I کالج) کے DP کے لیے درخواست دی ہو یا نہ دی ہو، انہیں مکمل شدہ چوائس فارم پرائمری سکولوں یا SSPA پلیٹ فارم کے ذریعے EDB کو اوائل مئی 2024 تک واپس جمع کروانا ہو گا۔ اس سے اس بات کو یقینی بنانا مقصود ہے کہ اگر وہ ان سکولوں میں اپنی درخواست دینے میں کامیاب نہیں ہوئے ہیں، تب بھی انہیں CA میں S1 جگہ تفویض کی جائے گی۔

اگر شریک سیکنڈری سکولوں کی طرف سے والدین کو ڈسکریشنری جگہوں کے لیے کامیاب فہرستوں میں اپنے بچوں کی شمولیت کے متعلق مطلع کیا گیا ہے یا ان کے بچوں کو جوکی کلب Ti-I کالج کے ذریعے داخلہ دیا گیا ہے تو، انہیں صرف سکول چوائسز کے حصوں کو کراس آؤٹ کرنا ہوتا ہے، اور رابطے کی معلومات پُر کرنے کے بعد پیپر چوائس فارم پر دستخط کرنا ہوتے ہیں تاکہ اس بات کی نشاندہی کر پائیں کہ انہیں سکول چوائسز کی ضرورت نہیں ہے (براہ مہربانی نیچے دیے گئے خاکہ سے رجوع کریں)۔ دوسری طرف، اگر کسی طالب علم کو ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم سیکنڈری سکولز کے ذریعے داخلہ دیا جاتا ہے جو SSPA سسٹم (NDSS سیکنڈری سکولز) میں حصہ نہیں لے رہا ہے اور اس لڑکا/لڑکی کے والدین نے والدین کے بیان حلفی پر دستخط کیے ہیں اور اس لڑکا/لڑکی کے پرائمری 6 طالب علم کا ریکارڈ فارم سکول کے حوالے کر دیا ہے، یا دوسرے سکولوں (مثلاً بین الاقوامی سکول یا پرائیویٹ سکول) میں داخلہ لے لیا ہے اور CA میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا تو، اس لڑکا/لڑکی کے والدین کو سکول چوائسز کے حصوں کو کراس آؤٹ کرنا چاہیے اور رابطے کی معلومات کو پُر کرنے کے بعد پیپر چوائس فارم پر دستخط کرنے چاہئیں تاکہ نشاندہی ہو جائے کہ وہ CA میں شرکت نہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں (براہ مہربانی نیچے دیے گئے خاکہ سے رجوع کریں)۔


Part A 不受學校網限制的學校選擇
Unrestricted School Choices

You may select schools from ANY school nets, including the student's school net. Please refer to the "Handbook for Unrestricted School Choices" and enter the School Codes in order of preference. The school choices in Part A will be processed first.

First Choice — School Code: ☐☐☐ Second Choice — School Code: ☐☐☐ Third Choice — School Code: ☐☐☐

乙部 按學校網的學校選擇
Part B Restricted School Choices

Student's School Net ☐

Please refer to the "Secondary School List" and enter the School Codes within student's school net in order of preference. The school choices in Part B will be processed if students are not allocated school places in Part A.

| Order of Preference | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| School Code | | | | | | | | | | |
| Order of Preference | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| School Code | | | | | | | | | | |
| Order of Preference | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| School Code | | | | | | | | | | |

I certify that I have read the "Notes for Parents on Central Allocation" and I have made the above choices at my own will.

Consent is given for the Education Bureau to inform me of the allocation results of the student via SMS message. My mobile phone number which can receive SMS is provided in the box on the right (please leave the box blank if you do not wish to receive SMS). 9876 XXXX


Signature of Parent/Guardian: Chan T M Date: XX/XX/2024

Name of Parent/Guardian (In BLOCK Letters): Chan Tai Man

Home Address: Flat XX, XX Floor, XX Building, XX Road, HK

Contact Tel. No. 9876 XXXX

وہ والدین چوائس فارم SSPA ای-پلیٹ فارم کے ذریعےجمع کراتے ہیں، اگر ان کے بچوں کو شریک سکولوں نے کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا ہے، یا جوکی کلب Ti-I کالج یا NDSS سیکنڈری سکول نے داخلہ دیا ہے تو، انہیں "سنٹرل ایلوکیشن کے لیے درخواست دیں" کے صفحہ کے نیچے رابطے کی معلومات کو پُر کرنا ہو گا، پھر منتخب کریں "سیکنڈری ون چوائس آف سکولز فارم پر سکول کی چوائسز کرنے کی ضرورت نہیں ہے" (براہ مہربانی نیچے دیے گئے خاکہ کو دیکھیں) تاکہ حصہ A اور حصہ B میں سکول کی چوائسز کے حصوں کو ترک کیا جا سکے، اور چوائس فارم کی تصدیق اور جمع آوری کے ساتھ، اس طور "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجیٹل طور پر دستخط کر پائیں۔



Apply for Central Allocation

Make school choices on the Secondary One Choice of Schools Form

Do NOT need to make school choices on the Secondary One Choice of Schools Form as the child has been notified as successful Discretionary Places applicant or admitted by Direct Subsidy Scheme secondary schools not participating in the SSPA System (i.e. give up participating in Central Allocation)

Do NOT need to be allocated a subsidised S1 place through the SSPA System (i.e. give up participating in the SSPA System)

بالفرض طالب علم کو SSPA سسٹم کے ذریعے سبسڈی والی S1 جگہ تفویض کرنے کی ضرورت **نہیں پڑتی** ہے (مثال کے طور پر، طالب علم مین لینڈ چائنا میں تعلیم حاصل کرے گا)، اور SSPA سسٹم میں شرکت ترک کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو، والدین کو "سنٹرل ایلوکیشن کے لیے درخواست دیں" کے صفحہ کے نیچے رابطے کی معلومات کو پُر کرنا ہو گا، پھر منتخب کریں "SSPA سسسٹم کے ذریعے سبسڈی شدہ S1 جگہ کی تفویض کی ضرورت نہیں ہے" (براہ مہربانی نیچے دیے گئے خاکہ کو دیکھیں) تاکہ حصہ A اور حصہ B میں سکول کی چوائسز کے حصوں کو ترک کیا جا سکے، اور چوائس فارم کی تصدیق اور جمع آوری کے ساتھ، اس طور "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجیٹل طور پر دستخط کر پائیں۔


Apply for Central Allocation

Make school choices on the Secondary One Choice of Schools Form

Do NOT need to make school choices on the Secondary One Choice of Schools Form as the child has been notified as successful Discretionary Places applicant or admitted by Direct Subsidy Scheme secondary schools not participating in the SSPA System (i.e. give up participating in Central Allocation)

Do NOT need to be allocated a subsidised S1 place through the SSPA System (i.e. give up participating in the SSPA System)

اگر والدین سکول کے لیے کوئی چوائسز نہیں کرتے ہیں اور CA میں یا پیپر چوائس فارم میں شرکت نہ کرنے کا اپنا ارادہ ظاہر نہیں کرتے ہیں، اور طلبہ کو نہ تو DP مرحلے پر سکول کی جگہ تفویض کی جاتی ہے، اور نہ ہی جوکی کلب Ti-I کالج/NDSS سیکنڈری سکولوں کے ذریعے داخلہ دیا جاتا ہے تو، طلبہ کو طے شدہ تفویضی طریقہ کار کے مطابق سکول کی جگہیں تفویض کی جائیں گی۔

**(8) سوال والدین کو اپنے بچوں کے لیے سکول کی چوائسز کیسے کرنی چاہئیں؟**

جواب سکول کی چوائسز کرنے سے پہلے، والدین کو چاہیے کہ وہ "غیر محدود سکول کی چوائسز کے لیے ہینڈ بک"، اس سکول نیٹ کی "سیکنڈری سکول لسٹ" جس سے طالب علم تعلق رکھتا ہے اور "سنٹرل ایلوکیشن کے حوالے سے والدین کے لیے نوٹس" کا مطالعہ کریں، اور سکول کے تبصرہ(تبصروں) پر توجہ دیں، اگر کوئی ہوں۔ انہیں EDB ہوم پیج (https://www.edb.gov.hk) پر اپ لوڈ کردہ "سیکنڈری سکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم 2022/2024 دور" ویڈیوز کو بھی دیکھنا چاہیے (منتخب کریں: Select: Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System)، اور ان کو اپنے بچوں کے حاضری والے پرائمری سکولوں سے مشاورت کرنی چاہیے۔ اس کے بعد، والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کی خصوصیات، شخصیات، صلاحیتوں اور دلچسپیوں کی بنیاد پر، تین سے زیادہ سکولوں کا انتخاب نہ کریں اور انہیں ترجیحی ترتیب سے چوائس فارم کے حصے A میں داخل کریں۔ اس کے بعد، والدین کو چاہیے کہ وہ "سیکنڈری سکول لسٹ" سے سکولوں کا انتخاب کریں، انہیں اپنی ترجیح کے مطابق چوائس فارم کے حصے B میں درج کریں اور جہاں تک ممکن ہو 30 چوائسز کو پُر کریں۔ CA میں، حصہ A کے "غیر محدود شدہ سکول کی چوائسز" کے تحت سکول کی چوائسز پر حصہ B کے "محدود سکول کی چوائسز" سے پہلے کارروائی کی جائے گی۔ دوسرے لفظوں میں، حصہ B کے تحت طالب علم کے سکول کی چوائسز پر کارروائی نہیں کی جائے گی اگر اس لڑکا/لڑکی کو حصہ A کے تحت سکول کی جگہ تفویض کی جاتی ہے۔ اس کے بجائے، اگر کسی طالب علم کو حصہ A میں جگہ تفویض نہیں کی جاتی ہے تو، حصہ B کے تحت اس لڑکا/لڑکی کے سکول کی چوائسز پر کارروائی کی جائے گی۔

**(9) سوال والدین ان سیکنڈری سکولوں سے متعلق مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتے ہیں جن کا وہ انتخاب کرنا چاہتے ہیں؟**

جواب والدین "سیکنڈری سکول پروفائل 2023/2024" سے رجوع کر سکتے ہیں جسے کمیٹی برائے ہوم سکول کوآپریشن نے مرتب کیا تھا اور جسے دسمبر 2023 میں والدین میں تقسیم کیا گیا تھا۔ والدین "سیکنڈری سکول پروفائل" کے ویب ورژن پر لنک (https://www.chsc.hk/secondary/en) کے ذریعے سکول کی ویب سائٹس بھی دیکھ سکتے ہیں تاکہ سیکنڈری سکولوں کی معلومات حاصل کر پائیں۔ سکول کی معلومات، بشمول سکول کا نام، پتہ، ٹیلی فون نمبر، مالیات کی قسم، دستیاب سکول کی جگہوں کی منصوبہ بند تعداد وغیرہ، کو "ہینڈ بک برائے غیر محدود سکول چوائسز" (ہینڈ بک) اور "سیکنڈری سکول لسٹ" میں شامل کیا گیا ہے۔ مذکورہ بالا دو دستاویزات EDB کی ویب سائٹ (https://www.edb.gov.hk) پر بھی اپ لوڈ کر دی گئی ہیں (منتخب کریں: Home > Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System)۔ والدین خودکار ٹیلی فون انکوائری سسٹم (ٹیلیفون نمبر: 2891 0088) (2 دبائیں (انگریزی) > 5 (فیکس سروسز) > 04 (سیکنڈری سکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم: سکول کی فہرستیں)) کے ذریعے فراہم کردہ متبادل سروس کا استعمال بھی کر سکتے ہیں تاکہ ہینڈ بک میں معلومات حاصل کر پائیں۔ والدین مندرجہ بالا دستاویزات میں دکھائے گئے ٹیلی فون نمبر سے رجوع کر کے براہ راست سکولوں سے بھی استفسار کر سکتے ہیں۔

**(10) سوال کیا والدین کسی دوسرے طالب علم کی "سیکنڈری سکول لسٹ" سے رجوع کر سکتے ہیں؟**

جواب والدین کو ایسا کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہانگ کانگ میں 18 سکول نیٹس ہیں، ہر ایک مختلف سکولوں کی چوائسز پر مشتمل ہے۔ دوسرے طالب علم کی "سیکنڈری سکول لسٹ" مختلف سکول نیٹ کی ہو سکتی ہے۔

**(11) سوال والدین اپنے بچوں کے تعلیمی نتائج کے متعلق مزید کیسے جان سکتے ہیں تاکہ انہیں سکول کی چوائسز کرنے میں آسانی ہو؟**

جواب والدین اپنے بچوں کی تعلیمی کارکردگی کے ساتھ ساتھ سکولوں کی تفویض کی ماضی کی صورت

حال کے لیے ان پرائمری سکولوں سے مشورہ کر سکتے ہیں جہاں ان کے بچے حاضر ہونے جا رہے ہوں۔ اس کے بعد وہ اپنے بچوں کے لیے سکول کے حوالے سے موزوں چوائسز کرنے کے لیے مندرجہ بالا معلومات سے رجوع کر سکتے ہیں۔

**(12) سوال** **کیا والدین کو اپنے سکول کی چوائسز کے طور پر صرف کئی پسندیدہ سیکنڈری سکولوں کو پُر کرنا چاہیے؟**

جواب والدین کو حصہ A میں تین سے زیادہ مختلف سکولوں کو نہیں پُر کرنا چاہیے اور حصہ B میں زیادہ سے زیادہ 30 مختلف سکولوں کو پُر کرنا چاہیے۔ چند پسندیدہ سکولوں کی چوائسز کو پُر کرنے یا ایک ہی حصے میں مختلف ترجیحات پر ایک ہی انتخاب کو دہرانے سے ان کے بچوں کے ان سکولوں میں تفویض کے امکانات میں اضافہ نہیں ہو گا۔ اس کے برعکس، یہ ان کے بچوں کو ان کی پسند سے باہر کے سکولوں میں تفویض کیے جانے کے امکانات کو بڑھا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ CA میں، حصہ A میں سکول کی چوائسز، "غیر محدود سکول کی چوائسز"، حصہ B سے پہلے، "محدود سکول کی چوائسز" پر کارروائی کی جائے گی۔ لہٰذا، والدین کو صرف حصہ A میں اپنی اعلیٰ ترجیح کے سکولوں کو پُر کرنا چاہیے۔ تاہم، چونکہ حصہ B میں سکول کی جگہوں کی تعداد زیادہ ہے اور طلبہ کو حصہ B میں سکول کی جگہیں تفویض کیے جانے کا زیادہ امکان ہو گا، والدین کو حصہ B میں ہر ممکن حد تک 30 سکول چوائسز تک پُر کرنے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ ان کو بچوں کو ان کی چوائسز کے سکولوں میں تفویض کرنے کے امکانات بڑھ جائیں۔

**(13) سوال** **کیا والدین اس سکول (سکولوں) کا انتخاب کر سکتے ہیں جس میں انہوں نے DP مرحلے میں چوائس فارم کے حصہ A اور حصہ B میں سکول کی چوائسز میں سے ایک/ دو کے طور پر درخواست (درخواستیں) جمع کرائی ہیں؟**

جواب سکول کی چوائسز میں، اگر DP مرحلے میں درخواست کردہ سکول (سکولوں) کا محل وقوع طالب علم کے سکول نیٹ میں ہے/ہیں اور والدین اب بھی چاہتے ہیں کہ ان کے بچوں کو ان سکول (سکولوں) میں تفویض کیا جائے تو، وہ اپنی سکول چوائسز کے طور پر چوائس فارم کے حصہ A اور حصہ B میں سکول(سکولوں) کا انتخاب کر سکتے ہیں اور سکول کی چوائس (چوائسز) کی ترجیح والدین کی اپنی صوابدید پر ہے۔

تاہم، اگر انہوں نے DP مرحلے میں جن سکول (سکولوں) کے لیے درخواست دی ہے وہ ان کے سکول نیٹ سے تعلق نہیں رکھتا/رکھتے ہیں تو، والدین کو صرف چوائس فارم کے حصہ A میں اس/ان کا انتخاب کرنا چاہیے، اور سکول کی چوائس(چوائسز) کی ترجیح والدین کی اپنی صوابدید پر ہے۔

**(14) سوال** **اگر والدین حصہ A، "غیر محدود سکول کی چوائسز" میں سکول کا کوئی انتخاب نہیں کرتے ہیں، اور صرف حصہ B میں سکول کی چوائسز، "محدود سکولوں کی چوائسز" کرتے ہیں تو، کیا ان کے بچوں کو حصہ B کے تحت منتخب کردہ سکولوں میں زیادہ ترجیح دی جائے گی؟**

جواب نہیں۔ نمبر تفویض کرنے کے عمل کے مطابق، حصہ A میں سکول کی چوائسز، "غیر محدود سکول کی چوائسز"، حصہ B میں سکول کی چوائسز سے پہلے، "محدود سکول کی چوائسز" پر کارروائی کی جائے گی۔ حصہ A میں "غیر محدود سکول کی چوائسز" پر کارروائی کرتے ہوئے، کمپیوٹر پہلے ٹیریٹری بینڈ 1 کے طلبہ کے سکول کی چوائسز، پھر ٹیریٹری بینڈ 2 کے طلبہ کے سکول کی چوائسز اور آخر میں، ٹیریٹری بینڈ 3 کے طلبہ کے سکول کی چوائسز کو اسکرین کرے گا۔ کمپیوٹر حصہ B میں سکول کی چوائسز کو صرف اس وقت پروسیس کرے گا جب تمام طلبہ کے حصہ A میں سکول کی چوائسز پر کارروائی کی جائے گی۔ حصہ B میں "محدود سکول کی چوائسز" پر کارروائی کرتے ہوئے، کمپیوٹر پہلے نیٹ بینڈ 1 کے طلبہ کے سکول کی چوائسز کو اس وقت تک اسکرین کرے گا جب تک کہ ان سب کو سکول کی جگہیں تفویض نہیں کردی جاتیں۔ پھر کمپیوٹر نیٹ بینڈ 2 طلبہ کے سکول کی چوائسز کو اسکرین کرے گا اور آخر میں، اس طریقہ کار کے مطابق نیٹ بینڈ 3 طلبہ کی سکول چوائسز کے ساتھ ایسا کیا جائے گا۔

اگر والدین حصہ A، "غیر محدود سکول کی چوائسز" میں سکول کا کوئی انتخاب نہیں کرتے ہیں، اور صرف حصہ B میں سکول کی چوائسز کرتے ہیں، "محدود سکول کی چوائسز" تو، ان کا بچہ حصہ A میں ترجیحی سکول (سکولوں) میں تفویض کیے جانے کا موقع کھو دے گا۔

**(15) سوال اگر والدین ایس ایم ایس کے ذریعے طلبہ کے تفویض نتائج حاصل کرنے پر راضی ہیں تو، انہیں چوائس فارم پر کیسے نشاندہی کرنی چاہیے؟ کیا طلبہ کو اب بھی اپنے حاضری والے پرائمری سکولوں سے اپنے تفویضی نتائج جمع کرنے کی ضرورت پڑتی ہے؟**

جواب EDB اس سائیکل (یعنی 9 جولائی 2024) میں تفویض نتائج کے اعلان کے لیے اس دن کی صبح 10 بجے صبح سے شروع کر کے ایس ایم ایس پیغامات کے ذریعے والدین کو یکے بعد دیگرے اپنے بچوں کے تفویض نتائج سے آگاہ کرے گا۔ متعلقہ ایس ایم ایس پیغام وصول کرنے کے خواہشمند والدین کو ایک موبائل فون نمبر فراہم کرنا چاہیے جو چوائس فارم پر مخصوص باکس میں ایس ایم ایس پیغامات وصول کر سکتا ہے، تاکہ اس موبائل فون نمبر پر ان ایس ایم ایس پیغامات وصول کرنے کے لیے اپنی رضامندی ظاہر کی جا سکے۔ اس کے ساتھ، والدین جو SSPA ای-پلیٹ فارم صارفین کے طور پر مندرج ہوں وہ اس سائیکل میں تفویضی نتائج کے اعلان کے لیے اس دن صبح 10 بجے سے شروع کر کے SSPA ای-پلیٹ فارم کے ذریعے تفویضی نتائج دیکھ سکتے ہیں۔ طلبہ کے لیے ان کے زیر تعلیم پرائمری سکولوں سے اپنے تفویض نتائج جمع کرنے کے انتظامات کے ساتھ ساتھ تفویض نتائج کے اعلان سے متعلق انتظامیہ کے دیگر انتظامات میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔

## ایلوکیشن بینڈز

**(16) سوال طلبہ کے سکول کی داخلی تشخیص (IA) کے نتائج کی درجہ بندی کیسے کی جاتی ہے؟**

جواب SSPA 2022/2024 میں CA کے لیے، سکول کے 2016 اور 2018 میں پری سیکنڈری 1 ہانگ کانگ اٹینمنٹ ٹیسٹ (پریS1- HKAT) کے نمونے کے نتائج کی اوسط کو درجہ بندی ٹول کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر کسی سکول (مثلاً ایک نئے شریک سکول) کے پاس 2016 یا 2018 میں پریS1- HKAT کے نتائج نہیں ہیں، تو اسی سال اسی سکول نیٹ کے اندر تمام شریک پرائمری سکولوں کے اوسط پریS1- HKAT نتائج کو درجہ بندی کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

**(17) سوال ایلوکیشن بینڈز کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ وہ کس لیے استعمال ہوتے ہیں؟**

جواب طلبہ کو ان کے درجہ بند انٹرنل اسیسمنٹ (IA) کے نتائج کے مطابق ان کے ایلوکیشن بینڈ ملتے ہیں۔ پرائمری 5 (P5) کے آخر میں اور سال کے وسط اور P6 کے آخر میں طلبہ کے IA کے نتائج کو بطور معیار رکھا جائے گا، اور سکول کے پریS1- HKAT 2016 اور 2018 کے نمونے کے نتائج کی اوسط سے درجہ بند کیا جائے گا۔ ان سکولوں کے لیے جن کے پاس پریS1- HKAT 2016 یا 2018 کے نمونے کے نتائج نہیں ہیں (مثلاً ایک نیا شریک سکول) ہو تو، اس مخصوص سال میں ٹیسٹ میں ایک ہی سکول نیٹ کے تمام شریک پرائمری سکولوں کے نمونہ جاتی نتائج کی اوسط کو درجہ بندی کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

CA کے حصہ A "غیر محدود سکول کی چوائسز" میں سکول کی جگہیں تفویض کرنے کے لیے, علاقے میں تمام طلبہ کے پیمانہ جاتی نمبروں کو میرٹ کی ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلبہ کو یکساں طور پر تین ٹیریٹری بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا، ہر ایک علاقے میں پرائمری طلبہ کی کل تعداد کا ایک تہائی پر مشتمل ہو گا۔ جہاں تک CA کے حصہ B "محدود سکول کی چوائسز" میں سکول کی جگہیں تفویض کرنے کا تعلق ہے، ایک ہی سکول کے نیٹ کے اندر تمام طلبہ کے پیمانہ جاتی نمبروں کو میرٹ کی ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلبہ کو تین نیٹ بینڈز میں یکساں طور پر تقسیم کیا جائے گا، اور ہر ایک سکول نیٹ میں پرائمری طلبہ کی کل تعداد کا ایک تہائی پر مشتمل ہو گا۔

جبکہ ٹیریٹری بینڈ اور نیٹ بینڈ کا استعمال بالترتیب، CA کے حصہ A میں "غیر محدود سکول کی چوائسز" اور CA کے حصہ B میں "محدود سکول کی چوائسز" کے لیے طالب علم کے تفویض کرنے کے آرڈر کا تعین کرنے کے لیے کیا جاتا ہے، وہ P6 کی تشخیص کے لیے قطعی معیار نہیں ہیں۔ طلباء کی تعلیمی کارکردگی مختص کرنے کا طریقہ کار مکمل ہونے کے بعد، انفرادی طلباء کا مختص بینڈ برقرار نہیں رکھا جائے گا۔

**(18) سوال کیا طالب علم کا ٹیریٹری بینڈ اس لڑکا/لڑکی کے نیٹ بینڈ جیسا ہو گا؟**

جواب ایک طالب علم کو اس لڑکا/لڑکی کے پرائمری سکول میں حاصل کیے گئے پیمانہ جاتی نمبروں کا اس علاقے کے طلبہ کے پیمانہ جاتی نمبروں سے موازنہ کیا جائے گا تاکہ وہ اس لڑکا/لڑکی کے ٹیریٹری بینڈ کا تعین کر سکے۔ اسی طرح، اس لڑکا/لڑکی کی طرف سے اپنے یعنی اس لڑکا/لڑکی کے پرائمری سکول میں حاصل کردہ پیمانہ جاتی نمبروں کا موازنہ یکساں سکول نیٹ کے طلبہ کے پیمانہ جاتی نمبروں سے کیا جائے گا تاکہ اس لڑکا/لڑکی کے نیٹ بینڈ کا تعین کیا جا سکے جس سے وہ تعلق رکھتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، ایک طالب علم کا ٹیریٹری بینڈ اور اس لڑکا/لڑکی کا نیٹ بینڈ مختلف ہو سکتا ہے۔

**(19) سوال اگر کسی طالب علم کو کراس نیٹ تفویض کرنے کی منظوری دی جاتی ہے تو، نئے سکول نیٹ میں اس لڑکا/لڑکی کے نیٹ بینڈ کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ اس لڑکا/لڑکی کے ٹیریٹری بینڈ میں کوئی تبدیلیاں ہوتی ہیں؟**

جواب کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے منظور شدہ طالب علم کے لیے، اس لڑکا/لڑکی کی جانب سے اپنے اصل سکول نیٹ میں سکول میں حاصل کیے ہوئے پیمانہ جاتی نمبروں کا موازنہ نئے سکول نیٹ میں طلبہ کے پیمانہ جاتی نمبروں سے کیا جائے گا تاکہ اس کے نیٹ بینڈ کا تعین کیا جا سکے جس سے اس لڑکا/لڑکی کا تعلق ہے۔ دوسرے لفظوں میں، نئے سکول نیٹ میں طالب علم کا نیٹ بینڈ اس لڑکا/لڑکی کے اصل سکول نیٹ سے مختلف ہوسکتا ہے۔ جہاں تک طالب علم کے ٹیریٹری بینڈ کا تعلق ہوتا ہے، اس کو کراس نیٹ ایلوکیشن کی منظوری کے باعث تبدیل نہیں کیا جائے گا۔

**(20) سوال کیا شریک پرائمری سکولوں کو اب بھی ایسے طلبا کے IA نتائج جمع کرانے کی ضرورت ہے جنہیں اپنے ایلوکیشن بینڈ کے تعین کے لیے کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا گیا ہے؟**

جواب نوٹیفکیشن کے انتظامات کے تحت SSPA کا موجودہ طریقہ کار بدستور برقرار ہے۔ شریک پرائمری سکولوں کو اب بھی P5 کے آخر میں، سال کے وسط میں اور P6 کے آخر میں تمام طلبا کے لیے IA کے نتائج جمع کرانے کی ضرورت ہوتی ہے (بشمول وہ جو شریک سیکنڈری سکولوں کے بطور کامیاب DP درخواست دہندگان یا وہ جو NDSS سیکنڈری سکولوں کے ذریعہ داخل ہوئے ہوں)۔ CA مرحلے میں، علاقہ/ایک ہی سکول نیٹ میں شریک تمام طلبہ کے پیمانہ جاتی نمبروں کو کمپیوٹر کے ذریعے میرٹ کی ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلبہ کو یکساں طور پر تین علاقہ/نیٹ بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا، ہر ایک علاقہ/اسی سکول نیٹ میں شریک طلبہ کی کل تعداد کا ایک تہائی پر مشتمل ہو گا۔ دوسرے الفاظ میں، ہر بینڈ میں طلبہ کی تعداد کا تعین شریک طلبہ کی کل تعداد سے ہوتا ہے، اور تمام شریک طلبہ (بشمول وہ جنہیں کامیاب DP درخواست گزاروں کے طور پر مطلع کیا گیا ہو) کا تعین ان کے پیمانہ جاتی IA نتائج کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

## سکول نیٹ

**(21) سوال سکول نیٹ کیا ہے؟ سیکنڈری سکول نیٹس کی حد بندی کیسے کی جاتی ہے؟**

جواب ضلعی انتظامیہ کی حدود کے مطابق، پورے علاقے کو سکول کی جگہوں کی الاٹمنٹ کے لیے 18 سیکنڈری سکول نیٹس میں تقسیم کیا گیا ہے کیونکہ حصہ B میں CA سکول نیٹ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ہر سکول نیٹ میں شریک تمام پرائمری اور سیکنڈری سکول شامل ہیں جو کہ حقیقت میں ضلع میں واقع ہوں اور دوسرے اضلاع میں متعدد مختلف قسم کے سیکنڈری سکول جو نیٹ کے لیے سکول کی جگہیں فراہم کرتے ہوں۔ دوسرے اضلاع کے سیکنڈری سکول اور ان سکولوں کی جگہیں سال بہ سال مختلف ہوسکتی ہیں۔ موجودہ پالیسی کے مطابق، ان طلبہ کے علاوہ جن کی کراس نیٹ تفویض کرنے کی درخواستیں منظور کی جاتی ہیں، اصولی طور پر، سیکنڈری سکول نیٹ جس سے طالب علم کا تعلق ہے اس کا تعین طالب علم کے پرائمری سکول کے اصل مقام سے ہوتا ہے، نہ کہ اس ضلع سے جہاں طالب علم رہائش پذیر ہوتا ہے۔

**(22) سوال سکول نیٹس کا اہتمام کیسے کیا جاتا ہے؟**

جواب پبلک سیکٹر کے سیکنڈری سکولوں کی جگہوں کی فراہمی کا منصوبہ پورے علاقے کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ طلب کو پورا کرنے کے لیے سکول کی جگہوں کی مناسب فراہمی کو یقینی بنانے اور کم تعداد میں سکول کی جگہوں والے اضلاع میں طلبہ کو زیادہ سکولی انتخاب فراہم کرنے کے لیے، نزدکی علاقوں سے سکول کی جگہوں کی نیٹنگ ایک طویل عرصے سے قائم کردہ انتظام ہے جو خدشات کو بھی دور کر سکتا ہے اور مختلف اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات سے عہدہ برآ ہو سکتا ہے۔ نیٹنگ کے انتظامات کرتے وقت، EDB کئی عوامل، جیسے کہ ہر ضلع میں سکول کی جگہوں کی طلب اور سپلائی، سکولوں کے مقامات اور اس سے منسلک ٹرانسپورٹ کی سہولیات کے ساتھ ساتھ سکول کی جگہوں کی کافی تعداد میں فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے قائم کردہ مستحکم نیٹنگ پیٹرن کے مجموعے کو مدنظر رکھتا ہے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ ہر ضلع میں سکول کی جگہوں کی مستحکم سپلائی رہے اوار والدین کو مزید چوائسز فراہم کی جا سکیں۔ ہم، SSPA کمیٹی کے ساتھ مشاورت کے ساتھ، SSPA سسٹم کے تحت انتظامات کے متعلق اسٹیک ہولڈرز کے خیالات کو پیش نظر رکھنے کے بعد متعلقہ سال کے نیٹنگ کے انتظامات کی تیاری کریں گے۔

ڈیمانڈ اور سپلائی کی صورت حال کے مطابق دیگر اضلاع سے فراہم کردہ سیکنڈری سکولوں اور سکول کی جگہوں کی تعداد سال بہ سال مختلف ہوسکتی ہے۔ والدین کو متعلقہ دور کے لیے نیٹنگ کے انتظامات کے حوالے سے EDB کی طرف سے ہر سال تقسیم کی جانے والی "سیکنڈری سکول کی فہرستوں" سے رجوع کرنا چاہیے۔

**(23) سوال کیا DP مرحلے کے بعد غیر استعمال شدہ سکول کی جگہوں کی تعداد کو CA کی متعلقہ دستاویزات میں اپ ڈیٹ کر کے دکھایا جائے گا جو کہ اپریل سے شروع ہو رہا ہے تاکہ CA مرحلے پر والدین کے سکولوں کی چوائسز میں آسانی ہو؟**

جواب DP مرحلے پر، بعض طلبہ کو دو شریک سیکنڈری سکولوں سے اپنی کامیاب DP درخواستوں کی اطلاعات موصول ہو سکتی ہیں اور انہیں آخر کار موجودہ SSPA طریقہ کار کے مطابق ان کی پہلی پسند کے سکولوں میں تفویض کیا جائے گا، جس سے ایک سکول کی جگہ خالی ہو گی۔ اس کے علاوہ، کچھ کامیاب درخواست دہندگان اپنے لیے تفویض DP کو چھوڑ سکتے ہیں اور NDSS سیکنڈری سکولوں کی طرف سے پیش کردہ جگہوں کو قبول کر سکتے ہیں۔ ان کامیاب DP درخواست دہندگان کے لیے تفویض جگہیں بھی دستیاب کر دی جائیں گی۔ موجودہ SSPA طریقہ کار کے تحت، بعض طلبہ کو ان غیر استعمال شدہ DP کے ساتھ ریزرو درخواست دہندگان کی صلاحیت میں تفویض کیا جا سکتا ہے اور باقی جگہیں CA کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ CA سے متعلق دستاویزات کو اپریل میں والدین میں تقسیم کرنے کے لیے مارچ میں طبع کرنا ہو گا۔ لہذا، سخت شیڈول کے باعث متعلقہ سکول کی جگہوں کی تعداد کو اپ ڈیٹ کرنا قابل عمل نہیں ہے۔

**(24) سوال کیا ہر سکول نیٹ میں EMI سکول کی جگہوں کی تعداد کے لیے نیٹنگ کا کوئی خاص انتظام ہے؟**

جواب سیکنڈری سکولوں کے لیے ذریعہ تعلیم یا میڈیم آف انسٹرکشن (MOI) کو ٹھیک کرنے کا انتظام 2010/11 تعلیمی سال سے نافذ کیا گیا ہے۔ سکولوں کی اب مزید ان سکولوں میں جو چینی کو بطور MOI ("CMI سکولز") استعمال کرتے ہیں اور سکولوں میں جو انگریزی کو بطور MOI ("EMI سکولز") استعمال کرتے ہیں کے حوالے سے درجہ بندی نہیں کی جاتی ہے۔ طلبہ کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کے لیے، سکولوں میں MOI کے طریقے مزید متنوع ہو جائیں گے، بشمول CMI، انگریزی میں سیکھنے کی توسیعی سرگرمیوں کے ساتھ CMI، مختلف مضامین میں CMI/EMI اور مکمل EMI استغراق۔ اپنے بچوں کے لیے سکولوں کا انتخاب کرتے وقت، والدین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ سکولوں کے MOI پر توجہ نہ دیں، لیکن انہیں سکول کی اخلاقیات، خصوصیات، معاونت اور متعلقہ اقدامات پر مجموعی طور پر غور کرنا چاہیے اور اس بات کا اندازہ لگانا چاہیے کہ آیا سکول ان کے بچوں کی صلاحیتوں اور دلچسپیوں کو فروغ دینے، اور ذاتی نشوونما میں مدد کر سکتے ہیں۔ برس ہا برس میں، سکول نیٹ کے انتظامات کرتے وقت، EDB نے متعلقہ اضلاع کے سکولوں کے مقامات کی طلب اور سپلائی، سکولوں کے محل وقوع، ٹرانسپورٹ کی سہولیات، نیٹنگ کے قائم کردہ پیٹرن اور مماثل عوامل پر غور کیا ہے۔ دیگر عوامل جیسے کہ سکولوں کے ذریعہ اختیار کردہ MOI انتظامات پر غور نہیں کیا جائے گا۔

**(25) سوال "غیر محدود سکول چوائسز کے لیے ہینڈ بک" اور "سیکنڈری سکول لسٹ" میں درج سکول کی جگہوں کی تعداد میں کیا فرق ہے؟**

جواب والدین کو چوائس فارم کا حصہ A "غیر محدود سکول کی چوائسز" کو پُر کرتے وقت "غیر محدود سکول چوائسز کے لیے ہینڈ بک" (ہینڈ بک) سے رجوع کرنا چاہیے۔ ہینڈ بک میں درج "تمام نیٹس کے لیے منصوبہ بندی کی جگہیں" علاقے کے تمام طلبہ کے لیے ہیں اور والدین حصہ A میں کسی بھی اضلاع میں تین سے زیادہ سکولوں کا انتخاب نہیں کر سکتے ہیں۔

چوائس فارم کے حصہ B "محدود سکول کی چوائسز" کو پُر کرنے کے لیے، والدین کو "سیکنڈری سکول لسٹ" سے رجوع کرنا چاہیے۔ "اس نیٹ کے لیے منصوبہ بندی کی گئیں S1 جگہیں" "سیکنڈری سکول لسٹ" میں ظاہر شدہ ہیں ان طلبہ کے لیے ہیں جو متعلقہ سکول نیٹ میں آتے ہیں۔ والدین حصہ B میں طلبہ کے سکول نیٹ میں زیادہ سے زیادہ 30 سکولوں کا چناؤ کر سکتے ہیں۔

**(26) سوال کیا ایک طالب علم کو اس لڑکا/لڑکی کے سکول نیٹ میں کسی ایسے سکول کے لیے تفویض کیا جائے گا جسے اس لڑکا/لڑکی نے منتخب نہیں کیا ہے؟**

A اگر کسی طالب علم کو اس لڑکا/لڑکی کے سکول کے تمام انتخاب ختم ہونے کے بعد جگہ تفویض نہیں کی جاتی ہے تو، کمپیوٹر طے شدہ طریقہ کے مطابق اس لڑکا/لڑکی کو ان دیگر سکولوں سے ایک جگہ تفویض کرے گا جو اس لڑکا/لڑکی کے اپنے سکول نیٹ میں باقی جگہیں بچ رہیں گی۔ پس، والدین کو "سیکنڈری سکول لسٹ" میں فراہم کردہ سکولوں کی چوائسز کے ذریعے زیادہ سے زیادہ سکولوں کو پُر کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، تاکہ ان کے بچوں کو ان کی ترجیح کے مطابق سکول کی جگہ تفویض کیے جانے کے امکانات بڑھ جائیں۔

**(27) سوال کیا کسی طالب علم کو دیگر اضلاع کے سکول میں تفویض کیا جائے گا؟**

جواب ایک طالب علم کو درج ذیل حالات میں دیگر اضلاع کے سکول میں تفویض کیا جائے گا:

(a) ہو سکتا ہے کہ طالب علم کو DP مرحلے میں کسی دیگر ضلع کے سکول نے داخلہ دیا ہو؛
(b) طالب علم کو CA مرحلے میں حصہ A کی "غیر محدود سکول چوائسز" کے تحت کسی دیگر چنیدہ ضلع میں سکول کی جگہ تفویض کی گئی ہو گی؛ یا

(c) ہر سکول نیٹ میں، ضلع میں حقیقت میں واقع سیکنڈری سکول اور والدین کی پسند کے لیے دیگر اضلاع میں متعدد سیکنڈری سکول موجود ہوتے ہیں۔ طلبہ کو کسی دیگر ضلع کے سیکنڈری سکول میں تفویض کیا جا سکتا ہے جو اس لڑکا/لڑکی کے سکول نیٹ کے لیے سکول کی جگہیں فراہم کرتا ہے۔

**(28) سوال کراس نیٹ ایلوکیشن کیا ہے؟**

جواب CA کے حصہ B کے لیے سکول کی جگہیں سکول نیٹ کے ذریعے تفویض کی جاتی ہیں اور سکول نیٹ جس سے طالب علم کا تعلق ہے اصولی طور پر اس پرائمری سکول کا سکول نیٹ ہوتا ہے جس میں وہ لڑکا/لڑکی زیر مطالعہ ہو۔ اگر خاص وجوہات کے ساتھ، ایک طالب علم کی حقیقی ضرورت ہو اور، سکول نیٹ تبدیل کرنا پڑ جائے تو، والدین کراس نیٹ تفویض کے لیے درخواست متعلقہ ثبوت کے دستاویزات کے ساتھ پرائمری سکول کے ذریعے EDB کو مارچ 2024 کے شروع سے پہلے جمع کروا سکتے ہیں جہاں ان کا بچہ زیر مطالعہ ہو۔ پرائمری سکول مزید کارروائی کے لیے درخواست کے دستاویزات کی تمام تصدیق شدہ کاپیاں EDB کو بھیجے گا۔ SSPA ای-پلیٹ فارم کے صارفین کے طور پر مندرج شدہ اور اپنے اکاؤنٹ کو "iAM Smart+" سے منسلک کرنے والے والدین کے لیے، کاغذی درخواست فارم کے علاوہ، وہ SSPA ای-پلیٹ فارم کے ذریعے کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ والدین کو ایک ہی بچے کے لیے SSPA ای-پلیٹ فارم کے ذریعے اور کاغذی صورت میں ڈپلیکیٹ درخواستیں جمع نہیں کرانی چاہئیں۔ اگر طالب علم کو سکول نیٹ کے لیے کراس نیٹ تفویض کرنے کی منظوری دی جاتی ہے جس سے اس لڑکا/لڑکی کا ہانگ کانگ کا رہائشی پتہ (یعنی رہائش کی جگہ جہاں درخواست دہندہ طالب علم رہتا ہو اور جو اس لڑکا/لڑکی کا واحد یا مرکزی گھر بنتا ہو) سے متعلقہ ہو تو، وہ لڑکا/لڑکی نئے سکول نیٹ میں CA کے حصہ B میں حصہ لیں گے۔

**(29) سوال درخواست دینے والے طالب علم کے رہائشی پتے کا اعلان کرتے وقت اور اگر وہ کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو والدین کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟**

جواب والدین کو نوٹ کرنا چاہیے کہ درخواست دینے والے طالب علم کا رہائشی پتہ ہانگ کانگ میں اس لڑکا/لڑکی کا واحِد یا مرکزی رہائشی مقام ہونا چاہیے، یعنی وہ رہائش گاہ جہاں درخواست گزار طالب علم رہائش پذیر ہو اور جو اس لڑکا/لڑکی کا واحد یا مرکزی گھر ہو۔ ہانگ کانگ کے قابل قبول رہائشی پتہ کے ثبوت کی حامل دستاویزات میں مہر شدہ کرایہ داری معاہدہ، نرخوں اور/یا سرکاری کرایہ کے لیے ڈیمانڈ نوٹ، کرایہ داری کا معاہدہ یا پبلک ہاؤسنگ اتھارٹیز کی طرف سے جاری کردہ کرایہ دار کا کرایہ کارڈ، رہائشی ٹیلی فون بل، اور مختلف یوٹیلیٹی کمپنیوں کے بل، جیسے ٹاؤن گیس، ہانگ کانگ الیکٹرک کمپنی لمیٹڈ، واٹر سپلائی ڈحصہمنٹ، وغیرہ۔ دیگر دستاویزات جیسے کہ بینک کے اسٹیٹمنٹس، موبائل فون کے بل، کورٹ کے طلبی نوٹسز اور ٹیکس ڈیمانڈ نوٹس قبول نہیں کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ، ہانگ کانگ کے رہائشی پتہ کی ثبوت کی حامل پروف دستاویز پر والدین (یعنی وصول کنندہ) کا نام اور پتہ طبع ہونا ضروری ہے۔

**(30) سوال اگر طلبہ نے کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینے سے پہلے ایک یا دو سیکنڈری سکولوں میں DP کے لیے درخواست دی ہے، اور اپنی کراس نیٹ درخواست کی وجہ سے اپنی DP کی درخواست(درخواستیں) منسوخ کر دی ہیں، تو کیا ان کے والدین کو CA مرحلے میں چوائس فارم پُر کرنا ہو گا؟**

جواب موجودہ SSPA میکانزم کے تحت، طلبہ اپنی DP درخواستوں میں سے ایک یا دونوں کو منسوخ کر سکتے ہیں اگر انہیں کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہو۔ اگر انہوں نے اپنی ایک یا دونوں DP درخواستوں کو اپنی کراس نیٹ درخواست کی وجہ سے منسوخ کر دیا ہے، چاہے انہیں نوٹیفکیشن کے انتظامات کے تحت کامیاب درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا گیا ہو، متعلقہ DP خود بخود منسوخ ہو جائے گا۔ اگر شریک سیکنڈری سکولوں کے ذریعہ پیش کردہ تمام DP کراس نیٹ درخواست کی وجہ سے منسوخ کردیئے گئے ہیں تو، متعلقہ والدین کو چوائس فارم بھرنا ہو گا تاکہ ان کے بچے CA میں حصہ لے سکیں۔ اگر متعلقہ والدین چوائس فارم پر سکول کا کوئی انتخاب نہیں کرتے ہیں اور متعلقہ طلبہ کو کسی NDSS سیکنڈری سکول نے سکول کی جگہ کی پیشکش نہیں کی ہے تو، متعلقہ طلبہکو طے شدہ تفویضی طریقہ کار کے مطابق سکول کی جگہ تفویض کی جائے

گی۔

**(31) سوال اگر کوئی طالب علم دوسرے سکول نیٹ میں چلا جاتا ہے، لیکن وہ لڑکا/لڑکی کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینے سے محروم ہو جائے تو، والدین کیا کر سکتے ہیں؟**

جواب عام طور پر، کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست کی آخری تاریخ مارچ کے اوائل میں ہوتی ہے۔ اگر کسی طالب علم نے کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست نہیں دی ہے، تو وہ اصل سکول نیٹ میں CA میں شرکت کرے گا۔ اگر طالب علم کسی دوسرے سیکنڈری سکول میں منتقل ہونا چاہتا ہے، تو اس لڑکا/لڑکی کو تفویضی نتائج کے اجراء کے بعد پہلے تو تفویضی سکول کے ساتھ رجسٹریشن کرانا چاہیے۔ پھر وہ لڑکا/لڑکی اپنے یعنی نزدیک واقع کسی دوسرے سیکنڈری سکول میں داخلے کے لیے استفسار کر سکتا یا سکتی یا درخواست دے سکتا یا سکتی ہے۔ اس لڑکا/لڑکی کو اپنے ہمراہ پیدائشی سرٹیفکیٹ، ایلوکیشن سلپ اور سکول کے حوالے کے لیے حالیہ سکول رپورٹس کی نقول لانی چاہئیں۔ طالب علم کو داخلہ دیا جائے گا یا نہیں یہ متعلقہ سیکنڈری سکول کی صوابدید پر ہے۔

**(32) سوال اس سال اور پچھلے سال کے سکول نیٹس کے انتظامات میں کیا فرق ہے؟**

جواب چونکہ P6 شرکاء کی تعداد میں سال بہ سال تغیرات ہوتے ہیں، اس لیے مختلف سالوں میں کسی ضلع کے مقامات کی طلب میں اضافہ یا کمی ہو سکتی ہے اور اس لیے سکول کی چوائسز اور دیگر اضلاع سے مطلوبہ سکولی مقامات کی متعلقہ تعداد کو اس کے مطابق تبدیل کرنا ہو گا۔ عام طور پر، اپنے ضلع میں سکول کی جگہوں کی کمی کو دوسرے اضلاع کے سکولوں کے ذریعہ فراہم کردہ سکول کی جگہوں سے پورا کیا جائے گا۔ جب اپنے ضلع میں سکول کی جگہیں طلب کو پورا کرنے کے لیے کافی ہوں تو، دوسرے اضلاع کے سکولوں کے سکولوں کی جگہیں شامل نہیں کی جائیں گی۔ سکول نیٹس کے انتظامات اس اصول پر مبنی ہیں جو پہلے سے اور SSPA کمیٹی کی مشاورت سے اختیار کیے گئے تھے۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ ہر سکول نیٹ کے لیے سکول کی جگہوں کی کافی تعداد میں فراہمی فراہم کی جائے (جب بھی سکول کی جگہوں کی کمی ہو تو، اس کمی کو پورا کرنے کے لیے نزدیکی ضلعوں سے اضافی جگہیں نیٹ میں شامل کر لی جائیں)، اور اس کے ساتھ سکول نیٹس میں والدین کی چوائسز میں اضافہ کر دیا جائے۔

**<u>غیر-چینی گفتاری طلبہ</u>**

**(33) سوال SSPA سسٹم کے تحت، غیر چینی گفتاری (NCS) طلبہ کے لیے تفویض کے کیا انتظامات ہیں؟**

جواب تمام اہل طلبہ، بالاستثنائے نسل یا جائے پیدائش، SSPA سسٹم کے تحت پبلک سیکٹر کے سکولوں میں داخلے کے مساوی مواقع سے لطف اندوز ہوتے ہیں، جو کہ منصفانہ اور شفاف ہے۔ دوسرے الفاظ میں، تمام اہل طلبہ (بشمول NCS طلبہ) کو اسی طریقہ کار کے مطابق S1 جگہ تفویض کی جائے گی۔ وہ DP مرحلے پر کسی بھی دو شریک سیکنڈری سکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ CA مرحلے پر انتخاب کے لیے، وہ اپنی ترجیحات کے مطابق حصہ A میں کسی بھی سکول نیٹ سے زیادہ سے زیادہ 3 سیکنڈری سکولوں کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں اور حصہ B میں اپنے سکول کے نیٹس میں زیادہ سے زیادہ 30 سیکنڈری سکول کا چناؤ کر سکتے ہیں۔

**(34) سوال موجودہ تفویضی انتظامات کے تحت، NCS طلبہ کو سکول کا انتخاب کیسے کرنا چاہیے؟**

جواب والدین (بشمول NCS کے طلبہ کے والدین) کو تمام پہلوؤں پر غور کرنا چاہیے، مثلاً اس کا تعلیمی نظریہ، ثقافت، مذہب، طبقاتی ڈھانچہ، نشوونما اور طریقہ عمل دیکھے جائیں تاکہ یہ فیصلہ کیا جائے کہ آیا یہ ان کے بچوں کی خصوصیات، شخصیات، صلاحیتوں اور دلچسپیوں کا تقاضا پورا کر سکتے ہیں تاکہ ایک موزوں سکول کا انتخاب کیا جا سکے۔ والدین اپنے بچوں کے پرائمری سکولوں سے مشورہ لے سکتے ہیں اور مزید تفصیلات کے لیے سکول کے ہوم پیج پر جائیں۔ پبلک سیکٹر کے سکولوں کے چناؤ میں NCS طلبہ کے والدین کی مدد کے لیے، مختلف نسلوں کی بڑی زبانوں میں داخلے کے بارے میں معلومات دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ، NCS طلبہ کے والدین کے لیے ایک ہی وقت میں ترجمانی کی خدمات کے ساتھ وقف کردہ بریفنگ سیشن سالانہ بنیاد پر منعقد کیے جاتے ہیں۔

NCS طلبہ کے والدین کو اپنے بچوں کے لیے سکول کا انتخاب کرنے میں مدد کرنے کے لیے، ہوم سکول کوآپریشن کی کمیٹی نے NCS طلبہ کے والدین کو سکول کی متعلقہ معلومات حاصل کرنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے سیکنڈری سکول پروفائلز کا انگریزی ورژن شائع کیا ہے۔ NCS طلبہ کو داخلہ دینے والے اور اضافی فنڈ فراہم کرنے والے تمام سیکنڈری سکولوں کو سیکنڈری سکول پروفائلز میں NCS طلبہ کی چینی سیکھنے میں پیشرفت اور سکولوں میں ایک جامع تربیتی ماحول بنانے کے لیے ان کی طرف سے پیش کردہ اضافی معاون اقدامات کی صراحت کی ضرورت ہے۔

**(35) سوال EDB کی طرف سے NCS طلبہ کو چینی زبان سیکھنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ان کے لیے کیا امدادی اقدامات کیے ہیں؟**

جواب حکومت NCS طلبہ کے کمیونٹی میں انضمام کی حوصلہ افزائی اور معاونت فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے، جس میں مقامی تعلیمی نظام میں ان کی ابتدائی موافقت اور چینی زبان پر عبور کی سہولت بھی شامل ہے۔ EDB متنوع حکمت عملیوں، بشمول نصاب کی ترقی، سیکھنے اور تدریس کے وسائل، اساتذہ کی تربیت، پیشہ ورانہ مدد، اضافی فنڈنگ، متعدد راستے، والدین کی تعلیم اور والدین کے لیے تعاون۔ وغیرہ کے ذریعے NCS طلباء کو پری پرائمری سے لے کر ثانوی سطح تک مکمل سیکھنے میں معاونت فراہم کر رہا ہے، تاکہ NCS طلباء کو چینی زبان میں مہارت حاصل کرنے اور کمیونٹی میں ضم ہونے میں مدد کر سکے۔

مندرجہ بالا کے علاوہ، چیف ایگزیکٹو کے 2023 کے پالیسی ایڈریس میں متعین شدہ مختلف اقدامات کے مطابق، ہم NCS کے طلبا کو کمیونٹی میں انضمام کے لیے چینی زبان پر مہارت پانے کے لیے ان کی معاونت میں سہولت فراہم کرتے رہیں گے۔ ان اقدامات میں NCS طلباء کے لیے آن لائن چائنیز لینگویجز سیلف لرننگ ریسورسز کے تحت متنوع تربیتی مواد کو تشکیل کرنا شامل ہے تاکہ ان کی تربیت کو فروغ دینے اور کلاس میں جو کچھ سیکھا ہے اسے کانسولیڈیٹ کرنے میں ان کی مدد کی جا سکے؛ یوتھ چائنیز ٹیسٹ کے لیے موافقت پذیر سیکھنے کے مواد کا استعمال کرتے ہوئے آزمائشی بنیادوں پر لوئر پرائمری NCS طلباء کے لیے بعد از سکول چینی زبان کے کورسز پیش کرنے سے؛ 2023/24 تعلیمی سال سے شروع ہونے والے P5 اور P6 میں ترقی کرنے والے NCS طلباء کو چینی سیکھنے کے لیے مزید جامع اور مسلسل مدد فراہم کرنے کے لیے سمر برجنگ پروگرام کو بڑھانے سے؛ اور ان سکولوں کی تعداد میں اضافہ کرنے سے جو NCS طلباء کے لیے سکول کی بنیاد پر زندگی کی منصوبہ بندی کی خدمات فراہم کرتے ہوں تاکہ انہیں ذاتی اہداف طے کرنے اور مستقبل کے لیے منصوبہ بندی کرنے میں مدد مل پائے۔

معاونتی اقدامات کی تفصیلات کے لیے، براہ مہربانی EDB ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

سکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن
ایجوکیشن بیورو
اپریل 2024